**16.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ اسعداللہ

**Music**

---

☆ نئی دِلی میں انڈیا AI Impact سمٹ 2026 شروع ہوگئی ہے۔ یہ پانچ روزہ سربراہ کانفرنس اب تک کی پہلی ایسی عالمی سمٹ ہے، جو عالمی خطۂ جنوب کے کسی ملک میں ہورہی ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ یہ انتہائی فخر کی بات ہے کہ پوری دنیا سے لوگ AI Impact سمٹ کیلئے بھارت آرہے ہیں۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہاہے کہ کشمیر، شمال مشرق اور ماؤنوازوں سے متاثرہ علاقوں میں تشدد میں 80 فیصد تک کی کمی آئی ہے۔

☆ راجستھان میں ایک فیکٹری میں آگ لگنے کے ایک بڑے واقعے میں آٹھ افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

☆ اور مردوں کے ICC ٹی ٹوینٹی عالمی کپ میں دِلی میں افغانستان اور UAE کے درمیان گروپ D کا میچ جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**India AI Impact Summit**

نئی دلّی میں India AI Impact Summit-2026 جاری ہے۔ یہ پانچ روزہ کانفرنس، عالمی خطۂ جنوب کے ممالک کی میزبانی میں مصنوعی ذہانت AI سے متعلق اب تک کی پہلی عالمی کانفرنس ہے۔ یہ سمٹ آرٹیفیشیل انٹیلیجنس سے متعلق عالمی ایجنڈے کو سمت عطا کرنے کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر بھارت کے کردار کو مستحکم کرے گی۔ یہ AI کے عالمی اشتراک کے سلسلے میں بھارت کو ایک کنوینز اور شراکت دار کے طور پر قائم بھی کرے گی، مشترکہ معیارات میں مدد اور عوامی فلاح و بہبود کیلئے حل فراہم کرے گی۔ اِس سمٹ میں 100 سے زیادہ ممالک کو مدعو کیا گیا ہے اور 2 لاکھ سے زیادہ افراد نے آن لائن اِس کیلئے اندراج کرایا ہے۔ 20 ملکوں کے عالمی رہنما اِس تقریب میں شرکت کررہے ہیں۔

اِن رہنماؤں میں فرانس کے صدر ایمانوئل میخواں، برازیل کے صدر Luiz Inacio Lula da Silva، اسپین کے صدر Pedro Sanchez Perez-Castejon، سوئٹزر لینڈ کے صدر Guy Parmelin، نیدرلینڈس کے وزیر اعظم

Dick Schoof، متحدہ عرب امارات کے، ابوظبی کے ولیعہد شہزادہ شیخ خالد بن محمد بن زائد النہیان، ماریشس کے وزیر اعظم ڈاکٹر نوین چندر رام غلام، سری لنکا کے صدر انورا کمار دِسانائکے، سیشلز کے نائب صدر Sebastien Pillay اور بھوٹان کے وزیر اعظم شیرنگ توبگے شامل ہیں۔

وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بولیویا، کروئشیا، ایستونیا، فِن لینڈ، یونان، گیانا، قزاخستان، Liechtenstein، سربیا اور سلوواکیا کے رہنما بھی اِس کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

اِس کے علاوہ اقوام متحدہ کے سکریٹری-جنرل اور بہت سی بین الاقوامی تنظیموں کے سینئر افسران بھی بات چیت میں شامل ہوں گے۔x

**PM AI Summit**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ہموطنوں کیلئے بہت فخر کی بات ہے کہ دنیا بھر کے لوگ India AI Impact Summit میں شرکت کیلئے بھارت آ رہے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے اِس Summit کیلئے دنیا بھر سے آنے والے عالمی رہنماؤں، صنعتی لیڈروں، اختراع کاروں، پالیسی تیار کرنے والوں، تحقیق کاروں اور تکنیکی ماہرین کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ یہ موقع اِس بات کا ثبوت ہے کہ بھارت سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے اور عالمی ترقی میں اہم رول ادا کر رہاہے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ اِس انعقاد سے ملک کے نوجوانوں کی صلاحیت کی بھی عکاسی ہوتی ہے۔

جناب مودی نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ Summit کے خاص موضوع ''سَرو جَن ہِتائے، سَرو جَن سُکھائے'' یعنی سبھی کی بہبود اور سبھی کی خوشی سے اِس بات کی عکاسی ہوتی ہے کہ لوگوں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے پیشرفت کیلئے مصنوعی ذہانت کو بروئے کار لانا سبھی ملکوں کا مشترکہ عہد ہے۔x

**PM French Prez**

وزیراعظم نریندر مودی کل ممبئی میں فرانس کے صدر Emmanuel میخوں سے ملاقات کریں گے۔ اِس میٹنگ کے دوران دونوں رہنما بھارت-فرانس کلیدی ساجھیداری کی پیشرفت کا جائزہ لیں گے اور علاقائی نیز عالمی اہمیت کے حامل امور پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

جناب میخوں AI Impact Summit میں شرکت کیلئے وزیراعظم نریندر مودی کی دعوت پر کل سے بھارت کے تین دن کے سرکاری دورے پر رہیں گے۔x

**VP - AI Impact**

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھاکرشنن نے انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کو AI میں عوام کو مقدم رکھے جانے کے سلسلے میں بھارت کی کوششوں کو پیش پیش قرار دیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب رادھاکرشنن نے مزید کہا کہ سمٹ کے

موضوع : ''سروجن ہتائے، سروجن سُکھائے'' سے اِس کی عکاسی ہوتی ہے۔ انہوں نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ عوام کی بہبود اور عالمی اشتراک کو AI کی ارتقاء میں مقدم رکھ کر بھارت، عالمی خطۂ شمال کی ٹیکنالوجی کی طاقت کو عالمی خطۂ جنوب کی صلاحیتوں کے ساتھ منسلک کرنا چاہتا ہے۔×

**I&B Pavilion - AI Summit**

اطلاعات و نشریات کی وزارت نے نئی دلّی میں جاری انڈیا AI امپیکٹ سمٹ 2026 میں ایک مخصوص پویلین قائم کیا ہے، جس میں ذمہ دارانہ طریقے سے AI اختیار کیے جانے کیلئے بھارت کی بڑھتی ہوئی ٹیکنالوجی کی صلاحیتوں، اسٹارٹ اپ کی وسعت اور پالیسی پر مبنی ویژن کو اجاگر کیا گیا ہے۔×

**Delhi Airport**

دلّی ہوائی اڈے کے حکام نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ بھارت منڈپم میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے پیشِ نظر میٹرو کا استعمال کریں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں دلّی ہوائی اڈے نے مسافروں کو مطلع کیا ہے کہ ہوائی اڈے سے جانے اور آنے میں زیادہ ٹریفک کی وجہ سے تاخیر ہوسکتی ہے، لہذا مسافر اِسے ذہن میں رکھ کر سفر کا منصوبہ بنائیں۔×

**Shah Delhi Police**

وزیرداخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد کشمیر، شمال مشرق اور ماؤنوازی سے متاثرہ علاقوں میں تشدد میں 80 فیصد تک کی کمی آئی ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ وہ دن دور نہیں، جب اِن علاقوں سے تشدد مکمل طور پر ختم ہوجائے گا۔ دِلی پولیس کے 79 یومِ تاسیس کی تقریبات کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہاکہ 11 ریاستوں میں ماؤنوازوں کی دہشت گردی ملک کی اندرونی سلامتی کیلئے ہمیشہ ایک بڑا چیلنج رہی۔

**Byte: Amit Shah**

جناب شاہ نے کہا کہ آج دِلی پولیس اسپیشل سیل کے مربوط ہیڈکوارٹرس کا سنگ بنیاد رکھا گیا ہے، جس سے قومی راجدھانی میں پولیس نظام مزید مستحکم ہوگا۔

اُنہوں نے کہا کہ مربوط ہیڈکوارٹرس 345 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے تعمیر کئے جائیں گے اور یہ منشیات کو غیرقانونی طریقے سے لانے، لے جانے اور دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے ملک کے جدید ترین مراکز ہوں گے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ جدید طرز کے یہ کمپلیکس جدید انڈور فائرنگ رینج، ایک War Room، ایک سائبر لیب، ٹریننگ ہالس اور مؤثر کارکردگی کیلئے وسیع تر جدید سازوسامان سے لیس ہوں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ یہ ملک بھر میں پولیس محکموں کیلئے مثالی اسپیشل سیل ہیڈکوارٹرس کے طور پر اُبھریں گے۔

**Byte: Amit Shah**

**Rajasthan Factory Fire**

راجستھان کے Khairthal-Tijara ضلعے کے Tapukara میں ایک فیکٹری میں آگ لگنے کے ایک بڑے واقعے میں آٹھ افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ پولیس اور انتظامی اہلکاروں نے راحت اور بچاؤ کارروائیاں شروع کردی ہیں۔ آگ بجھانے کا عملہ بھی اپنی کارروائی میں مصروف ہے۔ فیکٹری کے اندر کئی لوگوں کے پھنسے ہونے کا خدشہ ہے۔ کروکشیتر انڈسٹریل علاقے میں کارڈبورڈ کی ایک فیکٹری میں آگ لگنے کے اِس واقعے کی خبر موصول ہوئی۔ عینی شاہدین کے مطابق فیکٹری میں ایک زوردار دھماکے کے بعد صبح سویرے یہ آگ لگی اور کچھ وقت میں ہی اِس نے سنگین صورت اختیار کرلی۔ ADM سُمترا مشرا نے کہا ہے کہ سبھی سات ورکروں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔ بچاؤ کارروائی جاری ہے۔×

## PM Bhiwadi Fire

وزیراعظم نریندر مودی نے راجستھان میں آگ لگنے کے حادثے پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ اِس حادثے کو المناک اور انتہائی تکلیف پہنچانے والا قرار دیتے ہوئے جناب مودی نے اِس میں جان گنوانے والوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔×

## Cricket T-20

مردوں کے ٹی ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں دِلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں گروپ D کے ایک میچ میں UAE نے افغانستان کو جیت کیلئے 161 رن کا نشانہ دیا ہے۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک افغانستان نے 12 اوورز میں 3 وکٹ پر 89 رن بنا لئے تھے۔

اِس دوران آج سہ پہر تین بجے کولکاتا کے ایڈن گارڈن میں گروپ C کے تحت انگلینڈ کا مقابلہ اٹلی سے ہوگا، جبکہ آج شام سات بجے Pallekele انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں آسٹریلیا کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔×

## Army - AI Impact Summit

بھارتی فوج، AI امپیکٹ سمٹ 2026 میں فوج کے ساتھ مصنوعی ذہانت کے بڑھتے انضمام کو اجاگر کرے گی، تاکہ اُس کی پائیداری کو مزید مستحکم اور کارروائی اور مستقبل کیلئے دفاعی صلاحیتوں میں اضافہ کیا جاسکے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں فوج نے کہا ہے کہ نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں بھارتی فوج کے AI اِسٹال میں جدید اور دوہرے استعمال والی ٹیکنالوجی کا نظارہ کیا جاسکتا ہے۔ اِسٹال میں اِس بات کی بھی نمائش کی جائے گی کہ کس طرح جدید جدت طرازی، قومی سلامتی کو مستحکم کررہی ہے۔ اِس موقع پر فوج کی اعلیٰ قیادت، سرکردہ صنعت کار اور ماہرین تعلیم یکجا ہوں گے اور دفاعی شعبے میں AI اور ٹیکنالوجی کے بہتر استعمال پر مذاکرات کریں گے۔×

## CEA - AI Summit Session

اعلیٰ اقتصادی مشیر وی اننتھا ناگیشوَرن نے آج کہا ہے کہ بھارت، تعلیم میں اصلاحات لاکر AI کو بڑے پیمانے پر روزگار کی صلاحیت سے منسلک کرنے میں دنیا کی قیادت کرسکتا ہے۔ جناب ناگیشوَرن نے یہ بات نئی دلّی میں جاری AI

امپیکٹ سمٹ میں روزگار کی صلاحیت کے مستقبل اور AI اجلاس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، اُن بڑے معاشروں میں سے ایک بن سکتا ہے، جہاں مشین لرننگ اور انسانی وسائل ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں اور اُن کے درمیان کوئی ٹکراؤ نہیں ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ تبدیلی اتفاقیہ طور پر نہیں آئے گی، بلکہ اِس کیلئے سیاسی عزم، ملک کی صلاحیت اور قومی عہد کی ضرورت ہوگی، تاکہ ٹیکنالوجی کو بڑے پیمانے پر روزگار کی صلاحیتوں سے جوڑا جاسکے۔

انہوں نے اِس سلسلے میں مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر بھی زور دیا، جس میں نجی شعبے، تعلیم کے شعبے اور پالیسی سازوں کی شمولیت ہو۔

اِس موقعے پر Edgeverve کے CEO ستیش سیتارَمیہ نے کہا کہ AI، صلاحیتوں میں تیزی سے اضافے اور عمر بھر سیکھنے کی صلاحیت پیدا کرنے کا کام کرے گی۔×

## IMD

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے تمل ناڈو، کیرالہ اور لکشیہ دیپ میں اِس مہینے کی 18 تاریخ تک کہیں کہیں بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اُس نے انڈمان و نکوبار جزیروں میں بھی آج گرج چمک اور تیز ہوائیں چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ ساحلی کرناٹک، کونکن اور گوا میں آج موسم گرم رہے گا۔×

## Israel - Lebanon Strike

شام سے متصل لبنان کی سرحد کے نزدیک اسرائیل کی جانب سے ایک موٹر گاڑی پر کیے گئے حملے میں 4 افراد ہلاک ہوگئے۔ اِس حملے سے پتہ چلتا ہے کہ موجودہ جنگ بندی کے باوجود اسرائیل کے شمالی محاذ پر مخاصمت جاری ہے۔

لبنان کی قومی خبر رساں ایجنسی کے مطابق، لبنان اور شام کے سرحدی علاقے کے قریب مجدل انجار علاقے میں گزشتہ رات ایک اسرائیلی ڈرون نے کار پر حملہ کیا۔ اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ یہ حملہ فلسطین کے ملی ٹینٹ گروپ، اسلامی جہاد کو نشانہ بنا کر کیا گیا تھا۔×

## Spice Reax - IND US Deal

مصالحہ کے شعبے نے بھارت اور امریکہ کے درمیان، عبوری تجارتی سمجھوتے کو سراہا ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے انڈین اسپائس اسٹیک ہولڈرز کی فیڈریشن کے چیئرمین Tejas گاندھی نے کہا کہ اِس سمجھوتے سے مارکیٹ میں بڑھتی ہوئی مسابقت کے نئے مواقع پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔ جناب گاندھی مزید کہا کہ محصولات میں کمی کیے جانے سے بھارتی اشیاء کی برآمدات کو فروغ حاصل ہوگا۔×

## Cricket T20 World Cup

آئی سی سی مردوں کے ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ میں بھارت نے کولمبو کے-آر پریم داسا اسٹیڈیم میں کل رات گروپ اے مقابلے میں پاکستان کو 61 رن سے ہرا دیا۔ اس طرح سُپر آٹھ میں کیلئے کوالیفائی کرنے والی یہ دوسری ٹیم بن گئی ہے۔

پاکستان کو جیت کیلئے **176** رن کا نشانہ ملا تھا، لیکن اس کی پوری ٹیم **18** اوورز میں **114** رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کیلئے جسپریت بمراہ، اکشر پٹیل، ورون چکرورتی اور ہاردک پانڈیا نے دو، دو وکٹ لیے، جبکہ کلدیپ یادو اور تلک ورما نے ایک-ایک وکٹ لیے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆